**INAM- NAFEES**

**28-11-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فیصل خان

**Music**

------------------------------

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور و غل کے درمیان کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی صلاحیتوں نے عالمی توجہ حاصل کی ہے، جو اختراع اور خودکفالت کے اُس کے عہد پر مبنی ہے۔

☆ JMM کے رہنما ہیمنت سورین آج دوپہر رانچی میں چوتھی مرتبہ جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔

☆ بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آج شام گوا میں اختتام ہوگا۔

☆ بھارت کے Rinchen Youdol نے بحرین میں پہلی عالمی پیرا Poomsae Taekwondo چیمپئن شپ میں تاریخی کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، لکھنؤ میں جاری سید مودی بین الاقوامی ٹورنامنٹ میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی پی وی سندھو ، Meiraba Luwang Maisnam اور آیوش شیٹی سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Par- Adjourned**

ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت ستانی کے مبینہ الزامات سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے درمیان پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔

جب آج صبح لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو کانگریس، سماج وادی پارٹی، DMK اور دیگر نے ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے مبینہ الزامات سمیت مختلف معاملات پر شور وغل کیا۔

پہلی بار 12 بجے تک کیلئے ملتوی کئے جانے کے بعد، جب راجیہ سبھا کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو کانگریس ، بائیں بازو ، DMK ، TMC ، سماج وادی پارٹی اور عام آدمی پارٹی اور دیگر نے شور وغل جاری رکھا ، جس کے سبب ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

راجیہ سبھا کے صدر نشیں جگدیپ دھنکھڑ نے اپوزیشن ممبران سے اپنی نشستوں پر واپس جانے کی اپیل کی لیکن انہوں نے نعرے بازی جاری رکھی۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ مفید بحث و مباحثے کی خاطر ایک پلیٹ فارم ہے اور انہوں نے ارکان پر زور دیا کہ

وہ بلا رکاوٹ ایوان کی کارروائی چلنے دینے میں تعاون کریں۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ پارلیمنٹ کی کارروائی میں رخنہ اندازی سے جمہوریت کی بنیاد کمزور ہوتی ہے اور انہوں نے نتیجہ خیز بحث اور تعمیری رابطوں پر زور دیا۔

**SB - Jagdeep Dhankhar**

لوک سبھا کی کارروائی پہلی مرتبہ دن میں 12 بجے تک کیلئے ملتوی کئے جانے کے بعد ، جب دوبارہ شروع ہوئی، تو اپوزیشن کے ارکان مختلف معاملات پر نعرے بازی کرتے ہوئے ایوان کے وسط میں آ گئے۔

صدرنشیں نے بار بار ایوان کی کارروائی چلنے دینے کی اپیل کی لیکن انہوں نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ اس کے سبب ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایوان میں اپوزیشن کے طرزِ عمل کی مذمت کی ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ کانگریس اور دیگر اپوزیشن کے ممبران غیر ضروری طور پر شور وغل کررہے ہیں اور نئے ممبران کو اپنے نظریات پیش نہیں کرنے دے رہے ہیں۔

**SB - Kiran Rijiju**

اِس دوران وقف ترمیمی بل 2024 پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے چیرمین جگدمبیکا پال نے کمیٹی کی رپورٹ بجٹ اجلاس 2025 کے آخری دن پیش کرنے کیلئے توسیع کی خاطر ایک تحریک پیش کی، جسے ایوان نے منظور کرلیا۔

اِس سے قبل کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا اور رویندر وَسنت راؤ چوان نے لوک سبھا میں رکنِ پارلیمنٹ کی حیثیت سے حلف لیا، جنہوں نے حال ہی میں ضمنی چناؤ جیتا ہے۔x

**Par- Joshi**

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی میں رخنہ اندازی کیلئے اپوزیشن پارٹیوں سے سوال کیا ہے۔ پارلیمنٹ کمپلیکس کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، جناب جوشی نے کہا کہ حکومت اُن معاملات پر بحث کیلئے تیار ہے، جن کی اجازت اسپیکر اور صدرنشیں نے دی ہے۔

**SB - Pralhad Joshi**

**President Nilgiris**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی صلاحیتیں عالمی توجہ کا مرکز بن رہی ہیں، جو اختراع اور خود کفالت کے اُس کے عہد پر مبنی ہیں۔ صدرِ جمہوریہ تمل ناڈو کے ویلنگٹن میں دفاعی افواج کے اسٹاف کالج میں کلیدی خطاب کررہی تھیں۔ عالمی دفاعی صلاحیت میں بھارت کے بڑھتے اثر و رسوخ کو اجاگر کرتے ہوئے، انہوں نے مسلح افواج میں خواتین کی موجودگی کی ستائش کی۔ انہوں نے سیاچن کے اپنے دورے کو بھی یاد کیا ، جو دنیا کا سب سے اونچا میدان جنگ ہے، جہاں خواتین فوجی اہلکار سخت ترین صورتحال میں اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ بھارت کے فوجی اہلکاروں کے ملک مقدم کے جذبے اور اُن کے کنبوں کی قربانیوں کو اجاگر کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے اُن کے پختہ عزم کو تسلیم کیا۔

انہوں نے دفاعی شراکت دار کے طور پر بھارت کی معتبریت کو بھی اجاگر کیا ، جو 100 سے زیادہ ممالک کو دفاعی ساز و سامان برآمد کررہا ہے۔

اِس سے قبل صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے دفاعی افواج اسٹاف کالج میموریل میں گلہائے عقیدت نذر کئے اور تربیت حاصل کرنے

والے اہلکاروں سے بات چیت کی۔ x

**Hemant Swearing**

جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے رہنما ہیمنت سورین آج جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ وہ چوتھی مرتبہ جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کا حلف لیں گے۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار سہ پہر چار بجے رانچی میں Morhabadi میدان میں منعقدہ ایک تقریب میں جناب سورین کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے ، لوک سبھا میں اپوزیشن رہنما راہل گاندھی ، مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی اور دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال حلف برداری کی تقریب میں شامل ہوں گے۔ یو پی کے سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو اور RJD کے سینئر لیڈر تیجسوی پرساد یادو بھی اِس میں شرکت کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ حلف برداری کی تقریب کیلئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔ ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کے مدنظر آج رانچی میں سبھی اسکول بند ہیں۔ x

**Piyush goyal - PC**

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ سبھی شعبوں میں بھارت کی ترقی سے، بین الاقوامی کامرس، ریسرچ اور سرمایہ کاری کے لئے پُرکشش ماحول پیدا ہوا ہے۔ آج صبح نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ڈیجیٹل انڈیا مہم نے بھارت کو ایک ڈیٹا سینٹر کے طور پر پیش کرتے ہوئے ملک میں انقلاب پیدا کیا ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ Interconnected Grid Network کے آغاز اور سرمایہ داری کی ترقی میں ملک کی کنیکٹی وِٹی میں انقلاب پیدا کرنے میں ایک بڑا کردار ادا کیا ہے۔

**S/B Piyus Goyal**

جناب گوئل نے اس بات کی بھی یقین دہانی کرائی کہ امریکہ اور برطانیہ میں حکومت تبدیل ہونے سے ان ملکوں کے ساتھ روابط میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے بعد بھارت برطانیہ کے ساتھ آزاد تجارت معاہدے پر بات چیت جاری رکھے گا۔x

**IFFI**

55ویں بین الاقوامی بھارتی فلم فیسٹیول کا گوا میں آج شام ایک شاندار تقریب کے ساتھ اختتام ہوجائے گا۔ اس تقریب میں بھارتی سینما کے کچھ درخشاں ستارے شرکت کریں گے۔ اس موقع پر مشہور گولڈن پیکاک ایوارڈ سمیت کئی باوقار ایوارڈ کا اعلان کیا جائے گا۔ ان ایوارڈز کیلئے تین بھارتی فلموں سمیت 15 فلمیں مقابلے میں ہیں۔ 9 دن تک چلے اس فیسٹول میں ثقافتی اور موسیقی کے پروگرام منعقد کئے گئے۔ اس فیسٹول میں، مشہور فنکاروں کے فن پر تبصرے کے ساتھ ساتھ مختلف زبانوں کی 180 فلمیں دکھائی گئیں۔ مستقبل کے چیلنجوں کے Creative Minds، جس میں نوجوانوں کے فن کو ترغیب دی گئی اور نیٹ ورکنگ اور رابطے سے متعلق فلم بازار خاص توجہ کا مرکز رہے۔x

**Kargil Para Athilete**

مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کے کرگل میں Bodhkharboo علاقے کی پیرا ایتھلیٹ کھلاڑی Rinchen Youdol

نے اس وقت تاریخ رقم کی، جب بحرین کے منامہ میں کھیلی جارہی پہلی عالمی پیرا Poomsae Taekwondo چمپئن شپ میں انھوں نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ سینئر خواتین زمرے، جس میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے، میں 23 ملکوں کے 140 ایتھلیٹس سے مقابلہ کرتے ہوئے Rinchen نے غیر معمولی کھیل کا مظاہرہ کیا اور بھارت اور لداخ کا نام روشن کیا۔ Taekwondo میں یہ اعزاز حاصل کرنے والی لداخ کی وہ پہلی ایتھلیٹ ہیں۔ ان کی اس حصولیابی سے خطے کی کھیلوں کی تاریخ میں ایک نیا باب شروع ہوا ہے۔

لداخ Taekwondo ایسوسی ایشن کے صدر نے لداخ کے ایل جی اور اُن سبھی لوگوں کی تعریف کی، جنھوں نے Youdoo کو اس ٹورنامنٹ میں پہنچنے میں مدد کی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ Rinchen کے اس سفر میں Cerebral Palsy ایسوسی ایشن آف لداخ اور لداخ تائی کونڈو ایسوسی ایشن، لداخ کے گورنر ریٹائرڈ بریگیڈیئر ڈاکٹر بی ڈی مشرا سمیت مقامی انتظامیہ نے مدد کی تھی۔ x

**Sports Round-up**

بیڈمنٹن میں، اولمپک میں دو مرتبہ تمغہ جیتنے والی بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو لکھنؤ میں جاری سید مودی انٹرنیشنل ٹورنامنٹ کے خواتین سنگل زمرے کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ سندھو نے آج پری کوارٹر فائنل میں اپنی ہم وطن ارا شرما کو ہرایا۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین کا مقابلہ آج دوسرے راؤنڈ میں اسرائیل کےDaniil Dubovenko سے ہوگا۔ سین نے افتتاحی میچ میں ملیشیا کےSHOLEH AIDIL کو شکست دی۔

ہاکی میں، عمان کے مسقط میں کھیلے جارہے جونیئر ایشیا کپ کے دوسرے میچ میں آج شام بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔ بھارتی ٹیم نے کل اپنے افتتاحی میچ میں تھائی لینڈ کو صفر کے مقابلے گیارہ گول سے ہرایا۔

انڈین سُپر لیگ فٹبال میچ میں آج کوچی میں کیرالہ بلاسٹر FC کا مقابلہ FC گوا سے ہوگا۔x

**NIA Human Tradfficking**

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے انسانوں کو غیر قانونی طریقے سے لانے لے جانے والے ایک بین الاقوامی گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملک کی چھ ریاستوں میں 22 مقامات پر بڑے پیمانے پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ تحقیقات میں میانمار اور لاؤس میں قائم سائبر گھپلے سے متعلق مراکز سے رابطوں کا پتہ چلا ہے۔ اِس گروہ نے کئی بھارتی شہریوں کو نشانہ بنایا اور انہیں دھوکہ دہی میں جبراً شامل کیا ، جس میں کرپٹو کرنسی گھوٹالے اور کال سینٹر دھوکہ دہی شامل ہیں۔x

**ED Cyber rime**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ سائبر جرائم کے نیٹ ورکس سے وابستہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سے متعلق جاری تحقیقات کے سلسلے میں تلاشی کی کارروائی انجام دے رہا ہے۔ ملک بھر سے ہزاروں سائبر جرائم کی خبریں موصول ہوئی ہیں، جن میں Phishing گھپلے ، QR کوڈ سے متعلق دھوکہ دہی اور جز وقتی نوکری سے متعلق گھپلے شامل ہیں۔ سائبر جرائم کی روک تھام سے متعلق بھارتی سینٹر اور مالی خفیہ اطلاع سے متعلق بھارتی یونٹ کی مدد سے جرائم کے سینکڑوں واقعات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ پایا گیا ہے کہ غیر قانونی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے ذریعے یہ پورا نیٹ ورک چلایا جارہا تھا۔ دلّی کے Bijwasan علاقے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی ٹیم پر اُس

وقت حملہ کیا گیا ، جب وہ سائبر جرائم کے معاملے کے سلسلے میں وہاں چھاپے مارنے گئی تھی۔ x

**ESIC PMJAY**

محنت اور روز گار کی وزارت نے کہا ہے کہ ملازمین سے متعلق ریاستی بیمہ کارپوریشن ، آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا کی سہولتوں سے فائدہ حاصل کرتے ہوئے، عملے اور اُن کے زیرِ کفالت افراد تک صحت خدمات کی رسائی میں توسیع کیلئے کام کررہا ہے۔ وزارت نے آج جاری ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس اقدام سے 14 کروڑ 43 لاکھ سے زیادہ ESI کے مستفیدین اور اُن کے کنبوں کو فائدہ ہوگا۔ x

**India Russia Militray**

فوج اور فوجی تکنیک میں باہمی تعاون سے متعلق بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے تحت ورکنگ گروپ کی چوتھی میٹنگ روس کی راجدھانی ماسکو میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ میٹنگ دونوں ملکوں کے درمیان طویل مدت سے جاری فوجی شراکت داری کو آگے بڑھانے میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ x

**Isreal ICC Appeal**

اسرائیل نے بین الاقوامی فوجداری عدالت ICC سے اپیل کی ہے کہ وہ 2023 سے 2024 کے درمیان غزہ جنگ کے دوران جنگی جرائم کے ملزم وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع Yoav Gallant کے خلاف گرفتاری کے وارنٹس کو معطل کرے۔ اِن کے خلاف گرفتاری کے یہ وارنٹس 8 اکتوبر 2023 اور 20 مئی 2024 کے دوران مبینہ طور پر انسانی جرائم کے مرتکب ہونے کے الزام میں جاری کیے گئے تھے۔ اسرائیل کی حکومت ICC کے فیصلے اور وارنٹس کی قانونی نوعیت کے خلاف یہ کہتے ہوئے لڑ رہی ہے کہ اسرائیل کے خلاف تعصب سے کام لیا جارہا ہے۔

امریکہ اور فرانس نے گرفتاری کے اِن وارنٹوں کو خارج کردیا ہے۔ جبکہ برطانیہ اور کناڈا نے اسے نافذ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔x

**Vaishnaw- Social Media**

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے سوشل میڈیا اور OTT پلیٹ فارمز کیلئے سخت قوانین پر زور دیا ہے۔ لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر ناشائستہ کے مواد کو روکنے کیلئے موجودہ قوانین کو یقینی طور پر مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ایک طرف آج سوشل میڈیا پریس کی آزادی کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے، وہیں دوسری طرف سوشل میڈیا پر ایڈیٹوریل چیک نہ ہونے کی وجہ سے کئی قسم کا بیہودہ مواد بھی ڈالا جارہا ہے۔

**(S/B Ashwani -25 Second)**

وزیرِ موصوف نے کہا کہ حکومت نے انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکٹ کے تحت آئی ٹی ضوابط 2021 کو نوٹیفائی کیا ہے۔

یہ ضابطے OTT پلیٹ فارمز کے پبلشرز کے لیے اخلاقیات کا ایک ضابطہ فراہم کرتے ہیں، جس کے تحت پبلشرز کو کوئی ایسا مواد منتقل نہیں کرنا چاہیئے، جو قانونی طور پر ممنوع ہو اور عمر کی بنیاد پر پانچ زمروں میں مواد کی درجہ بندی کرنی چاہیئے۔ اس ضابطے

میں یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ OTT پلیٹ فارم کو عمر کے لحاظ سے بچوں کیلئے مواد کو محدود کرنے کیلئے مناسب حفاظتی اقدامات کرنے چاہئیں۔ x

☆☆☆☆☆